ادارے جو سرمایہ فراہم کرتے ہیں، وہ وقف کے مقاصد کے تحت بہبودِ عوام کے لیے ہی خرچ ہوتا ہے، لہٰذا وقف جائیدادوں اور وقف کے کاروبار کو ایک ہی تصور کرکے عمل کیا جانا چاہیئے۔

(۶) اوقافِ اسلامی کی روح کو مدِنظر رکھتے ہوئے وقف اداروں کی رجسٹریشن کے لیے مناسب قانون اور قواعد حکومتیں بنائیں تاکہ وقف اداروں کا تحفظ ہوسکے اور ان کے عدم استحکام کے خدشے دور ہوسکیں۔

(۷) اوقافِ اسلامی کے مقاصد کے حصول و فروغ کے لیے تمام اسلامی ممالک کے تعاون سے ایک مشترکہ اسلامی اوقاف سیکرٹریٹ قائم کیا جانا چاہیئے۔

(۸) ان ممالک کے تعاون اور اشتراک سے کہ جہاں معقول مسلم آبادی موجود ہے ایک بین الاقوامی وقف فنڈ کا قیام عمل میں آنا چاہیئے جس کے تحت ایسے پیداواری یونٹس کا قیام ممکن ہوسکے کہ جن کے ذریعے سے عوام کو جہالت، بیماری، خرابیٔ غذا اور خوراک کی کمی کی دشواریوں سے محفوظ رکھا جاسکے اور وقف سے متعلق دوسرے مقاصد کے حصول کو ممکن بنانے میں مالی استعانت ممکن ہوسکے۔

(۹) تمام ملکوں میں موجود وقف فنڈز سے سرمایہ کاری اور مالیاتی اعانت کا ایک ادارہ یا وقف بنک قائم کیا جانا چاہیئے تاکہ دنیا کے بعض ممالک میں جو وقف سرمایہ منجمد پڑا ہوا ہے اس کو مفادِ عام اور فلاحِ انسان کے لیے پیداواری عمل میں لگایا جاسکے۔

(۱۰) قائم کیے جانے والے اسلامی اوقاف ٹرسٹ کے ذریعہ سے ہر دوسرے یا تیسرے سال اوقاف کے مسائل پر مذاکرۂ عالمی کے انعقاد کو ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان کی طرف سے منعقدہ اس مذاکرۂ عالمی —— مرتبہ و فلسفۂ وقفِ اسلامی کی سطح کی طرح ممکن بنایا جانا چاہیئے۔

(۱۱) تمام دنیا میں اسلامی تاریخی آثار و صنادید کے تحفظ اور نگہداشت کے لیے اوقاف کا ایک مشترکہ فنڈ قائم کیا جانا چاہیئے۔

(۱۲) اہم اسلامی تاریخی آثار و اسباب اور صنادید سے متعلق کتب اور سلائڈز کو اسلامی ممالک کے مابین باہمی تبادل کو ممکن بنایا جائے تاکہ برادرانہ اور رفیقانہ جذبات میں اضافہ ہو اور ایک دوسرے کو سمجھنے میں آسانی ہو۔

اس کے ساتھ ہی مذاکرۂ عالمی —— مرتبہ و فلسفۂ وقفِ اسلامی نے یہ بھی متفقہ طے کیا اور مشترکہ خواہش ظاہر کی کہ اجلاس کے منظور شدہ نکات کو کہ جو "اعلانِ کراچی" کے نام سے منسوب کیے جارہے ہیں اور اس کے مندرجات اور مطالبات کے لیے ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان مناسب و مؤثر اقدامات کرے۔ مذاکرۂ عالمی —— مرتبہ و فلسفۂ اسلامی کا یہ اختتامی اجلاس ہمدرد کو اپنے مکمل تعاون اور اعانت کی پرخلوص یقین دہانی کراتا ہے۔